کلیاں اور پھول

شعری مجموعہ

ڈاکٹر منموہن طالبؔ

کلیاں اور پھُول

شعری مجموعہ

ڈاکٹر منموہن طالب

مرکزِ ادب بھوپال

KALIYAN AUR PHOOL

BY

DR. MAN MOHAN TALIB

☆ کمپیوٹر کمپوزڈ : جیلانی کمپیوٹر سینٹر ابراہیم پورا، بھوپال

فون نمبر: 534180

☆ ترتیب وانتخاب : سیدہ نساء جاوید، سیدہ سدرہ جنید

☆ سرورق : عدنان عباسی

☆ اشاعت کا سال : ۲۰۰۱ء

☆ طباعت : اوتار گرافکس ایم۔ایل۔بی۔ کالج روڈ بھوپال

☆ تعداد : پانچ سو

☆ زرِ تعاون : پچھتّر روپے Rs. 75/-

☆ ملنے کے پتے : ڈاکٹر منموہن ناتھ شرما طالبؔ

☆ ایل، ۱۹۷ بھارتی نکیتن پوسٹ آفس گووندپورہ بھوپال-462023

☆ مکتبۂ جامعہ، جامعہ نگر نئی دہلی - ۲۵

☆ مکتبۂ افکار سی 105 نیشنل آٹو پلازا مارسٹن روڈ کراچی (پاکستان)

☆ مکتبۂ شاعر قصر الادب پوسٹ بکس نمبر 4526 بمبئی - ۸

ناشر

مرکزِ ادب بھوپال

(ایم. ایل. بی کالج روڈ بھوپال-462001)

انتساب

اپنی رفیقۂ زندگی سُدرشنا کے نام

سائے کی طرح ساتھ رہے ہو قدم قدم
تم جیسا مجھ سے پیار کسی نے نہیں کیا

☆ ڈاکٹر منموہن طالب اس سچی غزل کے شاعر ہیں جو تین سو سال سے پر بہار رہی ہے۔ اس کتاب میں غزل کے شعر ہیں۔ غزل پر مقصدی تحریک، ترقی پسندی اور جدیدیت سب نے اپنی اپنی چادریں ڈالیں لیکن غزل کے پاس یادوں کی ایک الماری ہے۔ اس الماری میں مقصدی تحریکات، ترقی پسند نظریات اور جدت طرازیاں سجا کر جو غزل پہلے اور آخری دن کی غزل رہتی ہے اسی سلسلے کی منموہن کی موہنی غزلیں ہیں۔

(پدم شری) ڈاکٹر بشیر بدر

۶؍جولائی ۲۰۰۱ء
۱۱، ریحانہ کالونی
عید گاہ ہلز بھوپال

طالب ، ایک شخص کئی روپ

عشرت قادری

ڈاکٹر منوہن ناتھ شرما طالب نے خود کو شاعر کے روپ میں پیش کرنے کے لئے جو طویل سفر طے کیا ہے وہ کسی طلسماتی داستان سے کسی طرح کم نہیں ہے۔ان کی شخصیت کا ہر پہلو تحیّر خیز ہے۔وہ مسمریزم کے ماہر کی حیثیت سے لمبے عرصے تک باقاعدہ طور پر اسٹیج شو کر کے ''دیوانہ جادوگر'' کے نام سے دور دور تک مشہور رہے ہیں۔ہندوستانی کلاسیکی موسیقی سے دلچسپی کے نتیجے میں اپنی آواز کا جادو بھی جگاتے رہے ہیں۔آلات موسیقی میں ستار، ہارمونیم ،اور طبلہ وغیرہ بجانے کی بھی مہارت رکھتے ہیں۔ موسیقی کا شوق انہیں اپنے گھر ہی میں پیدا ہوا جس کی تفصیل انہوں نے ''کہانی میری'' میں جزئیات کے ساتھ بیان کی ہے۔پولیس کے محکمے میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آفیسر کے عہدے پر فائز رہ کر وہ کارنامے انجام دیئے کہ بڑے بڑے قاتلوں اور خوں خوار مجرموں کو آہنی سلاخوں کے پیچھے پہنچا دیا جس کے صلے میں انھیں بے شمار اعزازات سے بھی سرفراز کیا گیا۔محکمۂ سراغ رسانی میں ان کی خدمات حاصل کی گئیں تو اس دوران انھیں جو تجربات ہوئے اور جو واقعات سامنے آئے ،انھیں کہانیوں کی شکل میں قلمبند بھی کرتے رہے جن میں اکثر اردو ، ہندی، کے کثیر الاشاعت اخبارات اور رسائل میں شائع بھی ہوئیں۔آیورویدک طریق علاج پسند آیا تو باقاعدہ طور پر اس کا ڈپلوما حاصل کیا۔ان کے پاس بعض ایسے مجربات بھی ہیں جو تیر بہدف ثابت ہوتے ہیں۔لیکن پیشہ کسی کو نہیں بنایا۔اب ملازمت سے سبکدوش ہوکر کاغذ اور قلم سے رشتہ استوار کئے ہوئے ہیں۔غزلیں، نظمیں، گیت، کہانیاں اور مختلف موضوعات پر مضامین لکھ رہے ہیں۔ڈاکٹر منوہن طالب کی شخصیت کے جتنے پہلو میرے سامنے آئے ہیں ان میں انسانیت، ترحّم اور دردمندی کا عنصر غالب ہے۔وہ کسی کے بھی دکھ درد میں اس اپنائیت اور خلوص کے ساتھ شریک ہوتے ہیں کہ موجودہ دور میں اس کی مثال مشکل ہی سے ملے گی۔اور یہی درد ان کی شاعری میں بھی محسوس کیا جا سکتا ہے۔

طالب کی تخلیقات، آل انڈیا ریڈیو، دوردرشن، اور موقر، رسائل کے وسیلے سے ارباب ذوق تک پہنچتی رہتی ہیں جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ خوش مزاجی اور لگن کے ساتھ اپنی منزل کی سمت بڑھ رہے ہیں۔اس اعتبار سے ان کے مزید نمایاں ہونے کے امکانات روشن ہیں۔

بھوپال ۱۵ راگست ۲۰۰۰ء

طالب۔ ایک البیلا شاعر

☆اردو زبان اورادب کے زمرے میں شامل شاعری ایک ایسی دلپذیر، لطیف، نازک اور اہم صنفِ سخن ہے جو بہت تیزی کے ساتھ سننے یا پڑھنے والے کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے اور متاثر بھی کرتی ہے۔خصوصیت کے ساتھ عوام پسندی میں غزل کو امتیازی حیثیت حاصل ہے ۔یہی سبب ہے کہ اردو غزل کے معرضِ وجود میں آنے سے لیکر اب تک اس نے جو ارتقاء کے مدارج طے کئے ہیں اور جس تیز رفتاری کے ساتھ اس کو فروغ حاصل ہوا ہے وہ اس کی طلسماتی فضا اور سحر انگیزی کو ظاہر کرتی ہے اگر چہ انیسویں صدی عیسوی کی چوتھی اور پانچویں دہائی کے دوران اردو غزل کی مخالفت میں زبردست ہنگامے بھی برپا ہوئے لیکن اس کی مقبولیت اور ترقی کی راہ میں حائل ہونے والی تمام رکاوٹیں بے سود ثابت ہوئیں اور یہ کافر صنفِ سخن کچھ اور بھی زیادہ نکھر کر دوشیزگی کے پیرہن میں مزیدسجیلے پن کے ساتھ اپنے پرستاروں کا حلقہ وسیع کرتی چلی گئی یہ اور بات ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ معیار اور اقدار بھی بدلتی چلی گئیں اور آج دواوین کی اشاعت بھی ایک عام سی بات ہو کر رہ گئی ہے جبکہ متقدمین اور متاخرین شعرا اپنے کلام کی اشاعت میں کسی عجلت سے کام نہیں لیا کرتے تھے۔برسوں میں کہیں جا کر کسی

شاعر کا مجموعہ چھپ کر شائقین تک پہنچتا تھا۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ موجودہ دور میں ہر ماہ اگر ہزاروں نہیں تو سینکڑوں شعری مجموعے اشاعت پذیر ہو رہے ہیں۔ جن میں شعری معیار پست سے پست تر ہوتا چلا جا رہا ہے۔ لیکن کچھ ایسے شاعر بھی موجود ہیں جو برسوں سے شعر کہہ رہے ہیں مگر کتاب کی اشاعت پر کوئی خاص توجہ نہیں دیتے جو اس بات کی طرف واضح اشارہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ خوب سے خوب تر کی تلاش میں اساتذہ کی قدیم روش کو شعوری طور پر برقرار رکھے ہوئے ہیں۔

ڈاکٹر منموہن ناتھ شرما طالبؔ ایسے ہی شاعروں میں شمار کئے جاتے ہیں جن کا شعری سفر کم و بیش بیس سال کو محیط ہے لیکن اس طویل مدت میں نہ تو انھوں نے کبھی مشاعروں میں شرکت کی اور نہ ہی چھوٹی بڑی ادبی محفلوں میں شریک ہو کر اپنا کلام سنانے کی طرف دھیان دیا۔

ڈاکٹر منموہن ناتھ شرما جن کا ادبی نام ڈاکٹر منموہن طالبؔ ہے بھوپال کی عظیم علمی، ادبی اور تہذیبی درسگاہ سیفیہ کالج میں ایم اے اردو تک زیر تعلیم رہے۔ شاعری سے انھیں والہانہ لگاؤ شروع ہی سے تھا۔

آزادی کے بعد زمین کے بٹوارے کے نتیجے میں رونما ہونے والے اندوہناک حالات اور حادثات کو بھی انھوں نے جھیلا ہے۔ اور اپنے وطن عزیز لاہور سے ہجرت کا دکھ بھی برداشت کیا ہے۔ اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ انھیں

حالات نے شاعری کی طرف راغب کیا ہوگا۔ وہ ایک مدت تک محکمہ پولس اور سراغ رسانی میں اعلیٰ عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔ اس ملازمت کے دوران سراغ رسانی میں انھیں انوکھے اور عجیب و غریب واقعات اور تجربات کا سامنا ہوا۔ جنہوں نے ان کے اندر چھپے ہوئے شاعر کو بیدار کرنے میں اہم رول ادا کیا۔ ان سے پہلے ان کے خاندان میں شاعری اور ادب سے کسی کو دلچسپی نہیں تھی۔ مگر چونکہ ان کی ابتدائی تعلیم لاہور کی ایک مسجد کے مکتب میں شروع ہوئی جہاں دینی تعلیم کے ساتھ اردو زبان بھی پڑھائی جاتی تھی۔ یہیں سے انھیں اردو ادب سے دلچسپی پیدا ہوئی اور وہ ایک کہانی لکھنے والے کی حیثیت سے سامنے آئے۔

ڈاکٹر منموہن طالبؔ کی مادری زبان ہندی ہے لیکن انھوں نے اردو زبان کی ادبی کتابوں کا ایک عرصے تک گہرا مطالعہ کیا اور اپنے شعری ذوق کو پروان چڑھایا اور وہ ایک معتبر شاعر کی حیثیت سے نمایاں ہونے میں کامیاب ہوئے۔

ڈاکٹر منموہن طالبؔ کی پسندیدہ صنف غزل ہے لیکن انھوں نے گیت، قطعات، پابند اور آزاد نظمیں بھی کہی ہیں۔ جو نمونے کے طور پر ان کے اس اولین شعری مجموعے میں شامل ہیں۔

ڈاکٹر منموہن طالبؔ کا یہ مجموعہ مرکزِ ادب بھوپال سے شائع ہو رہا

ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ طالب کی دریافت کا سہرا ابھی مرکزِ ادب بھوپال ہی
کے سر بندھتا ہے۔ مجھے امید ہے کہ ادبی حلقوں میں طالب کی شاعری کو
خلوص اور وقعت کی نگاہوں سے دیکھا جائے گا۔

زیرِ نظر مجموعے میں ان کی چند غزلیں اور گیت ہندی پڑھنے والوں
کے لئے دیوناگری میں بھی شائع کئے جا رہے ہیں۔

یکم جولائی ۲۰۰۱ء   بدر واسطی

کہانی میری

۱۹۲۹ء میں لاہور میں میری پیدائش ہوئی، لاہور حکومتِ برطانیہ کے زمانے میں صوبہ پنجاب کا دارالخلافہ تھا اس وقت ہندوستان کے صرف پانچ صوبے ہوا کرتے تھے جن میں ایک پنجاب تھا اور سارے پنجاب میں اردو کا بول بالا تھا، سرکاری دفاتر میں تمام کام اردو زبان ہی میں ہوتا تھا، کہتے ہیں لاہور شہر اور قصور شہر لو اور کش نے بسایا تھا لیکن یہ بھی یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ لاہور مغل بادشاہ نے آباد کیا ہے۔

لاہور شہر دریائے راوی کے کنارے بسا ہوا ہے اور انتہائی خوبصورت ہے آج بھی وہاں اس کال کے دروازے، دہلی گیٹ، شاہ عالمی دروازہ، لوہاری دروازہ، بھاٹی دروازہ وغیرہ موجود ہیں۔ یہ خوبصورت باغات کا شہر مانا جاتا ہے، یہاں شاہدرہ میں بادامی باغ ہے جس میں جہانگیر بادشاہ اور نور جہاں کے مقبرے ہیں اسی طرح شالیمار باغ، لارنس باغ اپنی خوبصورتی کے لئے مشہور ہیں، ایسا لگتا ہے جیسے ان باغوں میں کھلنے والے پھولوں سے شاعری کے انمول شعر جھڑتے ہوں، کہا جاتا ہے کہ اس میں انارکلی کی قبر بھی ہے جسے مغل بادشاہ اکبر نے دیوار میں چنوا دیا تھا، یہ علاقہ انارکلی کے نام سے ہی مشہور ہے اور فیشن کا تجارتی مرکز ہے۔ لاہور شہر کے بارے میں تفصیل کے ساتھ لکھا جانا ممکن نہیں ہے میں تو اتنا ہی کہوں گا کہ جس نے لاہور نہیں دیکھا وہ پیدا ہی نہیں ہوا۔

مجھ میں شاعری کا شوق پیدا کرنے والی پہلی ہستی میری ماں کی ہے جس نے
مجھے ایک مسجد کے مکتب میں مولانا خورشید صاحب کے پاس ابتدائی تعلیم کیلئے ان کے
حوالے کیا، یہیں میں نے اردو پڑھنی شروع کی، اس وقت اور آج کے معیارِ تعلیم میں
زمین اور آسمان کا فرق ہے۔ مکتب میں میں نے صرف دو ہی جماعتیں پاس کی تھیں کہ
گورنمنٹ پرائمری اسکول میں تیسری کلاس میں مجھے داخلہ مل گیا، یہ بات
قابلِ ذکر ہے کہ اس وقت دوسری جماعت پاس کر لینے کے بعد طالب علم اردو کے
اخبارات اور کتابیں وغیرہ آسانی کے ساتھ پڑھ لیا کرتے تھے۔

مولانا خورشید صاحب شاعری بھی کرتے تھے، اردو اور فارسی دونوں
زبانوں پر انھیں عبور حاصل تھا میں جب آٹھ سال کی عمر کو پہونچا تو دنیا میں خطرناک
گھٹنا گھٹ گئی۔ میں اپنے ہم عمر ساتھی لڑکوں کے ساتھ رات کو ساڑھے آٹھ بجے ایک
مندر کے قریب کھیل رہا تھا کہ مندر کے پجاری نے کہا کہ ''بچو گھر بھاگ جاؤ لڑائی
لگ گئی ہے'' یہ بات سن کر ہم بچے ڈر گئے اور گھروں کو چلے گئے، گھر پہنچ کر
والد صاحب (ماسٹر بشمبر ناتھ شرما) سے معلوم ہوا کہ ملک جرمنی نے پولینڈ پر بمباری
کر دی ہے اور ہٹلر نے قبضہ کر لیا ہے، اس طرح دوسری عالمی جنگ عظیم کا آغاز
ہوا۔ جنگ چلتی رہی ہم اخبارات میں اس کی ہولناک تباہی کی خبریں پڑھتے رہے،
اسی دوران ہم ہائی اسکول میں پہنچ گئے، یہ جنگ تقریباً ساڑھے چھ سال تک جاری
رہی، اسی دوران اگست ۱۹۴۵ء میں ایک گھٹنا اور گھٹی وہ یہ کہ جاپانی فوجیں کلکتہ تک

آ گئی تھیں جس نے ہر طرف قتل و غارت گری اور بلا تکار کا بازار گرم کر رکھا تھا، اور ہر طرف یہ چرچہ تھا کہ جاپان بہت جلد ہندوستان پر قبضہ کر لے گا، ایسے میں صرف سبھاش چندر بوس پر سارے ہندوستان کی نظریں لگی ہوئی تھیں جو آزاد ہند فوج کی کمان سنبھالے ہوئے ملک کا دفاع کر رہے تھے، جاپان کی بڑھتی ہوئی طاقت کو دیکھ کر امریکہ فکرمند ہوا اور اس نے پہلی بار ایٹم بم کا استعمال کیا جس کے نتیجے میں ہیروشیما اور ناگاسا کی برباد ہو گئے اور جاپان نے ہتھیار ڈال دئے۔ دوسری طرف ہٹلر جو نازی فوجوں کی کمان سنبھالے ہوئے تھا اور ہندوستان کی جانب بڑھ رہا تھا آخری بار مصر میں دیکھا گیا وہ اتحادی فوجوں کا مقابلہ نہیں کر سکا اور اچانک غائب ہو گیا۔ تاریخ میں سبھاش چندر بوس اور ہٹلر دو ایسی شخصیتیں ہیں جن کے بارے میں آج تک کوئی بات بھی یقین کے ساتھ نہیں کہی جا سکتی کہ ان کا کیا حشر ہوا۔

بہر حال اتحادی فوجوں کو فتح ہوئی ساری دنیا میں فتح کا جشن منایا گیا اسی سلسلے میں لاہور میں بھی فتح کا جشن منایا گیا۔ اسکولوں کی طرف سے بچوں نے بھی کلچر پروگرام پیش کیے اس پروگرام میں خاص طور پر شاعر مشرق علامہ اقبال کا قومی ترانہ پیش کیا گیا۔ جس کو میں نے بھی گایا تھا۔ جشن کے اس پروگرام میں مشاعرے بھی منعقد ہوئے جن میں اس وقت کے مشہور شعراء، نثار محمد اشک، تسکین رضا میر لائلپوری، نجمہ اسیر، رام لال چھاندا، مدھوک، گرجا شنکر وغیرہ نے اپنا کلام سنایا، مشاعرے سے، میرے ذوق شعری کو مزید تحریک ملی، میری شاعری کے محرکات میں

موسیقی کا بھی بڑا دخل رہا ہے، میرے پتا ماسٹر بشمبر ناتھ شرما مانے ہوئے کار تھے، وہ ہارمونیم ستار، دلربا اور پیانو بڑی مہارت کے ساتھ بجایا کرتے تھے ان کا ایک ڈراماہ کلب بھی تھا اس کے ذریعہ ڈرامے اسٹیج کیے جاتے تھے، جن میں میں اور میرا بھائی اومکار ناتھ شرما رام اور لکشمن کا کردار کیا کرتے تھے، اس وقت ڈراموں میں عام طور پر مکالمے شعروشاعری میں بولے جاتے تھے۔ اس سے اور بھی میری شاعری میں زور پیدا ہوا۔ میری بہن راج کماری بھی بہت بڑی فنکارہ تھیں۔ ان کے علاوہ ہمارے گھر میں مشہور گانے والیوں سریندر کور، پرکاش کور اور شری من موہن کرشن جو اپنے وقت کے مشہور فنکار تھے، ان کا آنا جانا تھا، ان کے ساتھ میں بھی گانے گایا کرتا تھا۔ من موہن کرشن کے ساتھ میں نے اسٹیج شو میں بھی حصہ لیا تھا بعد میں وہ فلمی دنیا میں چلے گئے۔ جہاں انھوں نے ہیرو کا رول ادا کیا۔ ان کی فلمیں اپنا دیش اور کالا چشمہ بہت مشہور ہوئیں۔ میری بہن راج کماری نے ایک بار ۱۹۴۴ء میں لاہور ریڈیو اسٹیشن سے گانے کا پروگرام دیا تھا، مگر میرے پتا شری نے پھر انھیں دوبارہ ریڈیو پر پروگرام دینے سے سختی سے منع کر دیا، جبکہ ان کی ساتھی گلوکارہ سریندر کور آج بھی مشہور گلوکاروں میں شمار کی جاتی ہیں۔ یادوں کے جھروکے کھل رہے ہیں اور مجھے بچپن کے انگنت واقعات یاد آرہے ہیں۔ یہ یادوں کا سلسلہ بھی عجیب ہوتا ہے، انھیں دنوں ایک اسٹیج شو ہو رہا تھا، اسکول کی لڑکیوں کا ڈانس تھا۔ اسٹیج پر مشہور اور مقبول فلم ایکٹر اشوک کمار بھی موجود تھے، اس موقع پر میں نے اپنے پتا شری ماسٹر بشمبر ناتھ شرما کے

کمپوز کیئے ہوئے گیت سندر روپ سہائے، کمریا ناگن سی بل کھائے ایکشن کے ساتھ گایا تھا اسی اسٹیج پر اشوک کمار اور شری من موہن کرشن نے بھی گانے گائے تھے۔

پروگرام بہت کامیاب رہا۔ انھیں دنوں لاہور سے ایک بڑا خوبصورت اردو رسالہ چتر اویکلی شائع ہوا تھا، اس میں نظمیں اور افسانے بھی چھپتے تھے چتر اویکلی میں کئی نامور شاعروں اور ادیبوں کی تخلیقات شائع ہوتی تھیں، اسی میں میں نے مشہور اور معروف ادیب کوثر چاند پوری کا ایک افسانہ ''پریم کی گھڑی'' پڑھا تھا یہ افسانہ اتنا اچھا تھا کہ اس کا تاثر آج تک میرے ذہن پر طاری ہے، اسی میں کرتار سنگھ ڈگل اور امرتا پریتم کی کہانیاں اور نظمیں بھی میں بڑے شوق سے پڑھتا تھا۔ گھر میں موسیقی کی محفلیں ہمیشہ ہی آراستہ رہتی تھیں، اور مجھے اس میں گہری دلچسپی تھی، مختلف قسم کے ساز بھی میں بجالیا کرتا تھا، مشہور زمانہ گلوکار سریندر کور اور میری بڑی بہن راج کماری بھی بہت اچھا گاتی تھیں، میں طبلے پر ان کی سنگت کرتا تھا۔ سریندر کور تو آگے چل کر کافی مشہور ہوئیں، میری بہن راج کماری کی ایک تھانیدار سے شادی ہوگئی تو ان کا شوق ماند پڑ گیا۔ ہمارے گھر کے پاس ہی شوری اسٹوڈیو قائم ہوگیا تھا جہاں فلموں کی شوٹنگ ہوتی تھی، ایک فلم ایکٹریس کلاوتی تھی وہ میرے گانے کے اسٹائل کو بہت پسند کرتی تھی۔ غرض یہی وہ چیزیں تھیں جنھوں نے میری شاعری کو پران چڑھایا، لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ نتیجہ تھا میری ابتدائی مکتبی اردو تعلیم کا اور لاہور کے ادبی، تہذیبی اور شعری ماحول کا، میں نے کئی نظمیں اور گیت لکھے جنھیں اسٹیج پر دوسرے کلاکاروں نے اپنی

آواز میں عوام کے سامنے پیش کر کے بھرپور داد حاصل کی۔ دوسری طرف سیاسی تحریکات بھی زور وشور سے جاری تھیں، آئے دن بڑے بڑے جلسے ہورہے تھے، سیاسی رہنما دھواں دھار تقریروں سے عوام کا خون گرم کر رہے تھے، مجھے یاد ہے ایک بڑے جلسے میں محمد علی جناح نے بڑی شعلہ بار تقریر کی تھی ان کا یہ فقرہ آج تک نہیں بھولا، ''خون کی ندیاں بہادیں گے'' پاکستان بنادیں گے'' اور پھر تاریخ نے دیکھا کہ پاکستان اور ہندوستان میں کس طرح انسانیت کا خون بہایا گیا، لاکھوں خاندان تباہ و برباد ہوکر دونوں طرف سے ہجرت کرنے پر مجبور ہوگئے۔

میں پولس کی ملازمت اختیار کر چکا تھا، امرتسر اور کانگڑہ ضلع میں میری پوسٹنگ ہوئی سبھی گھر کے لوگ لاہور سے مشرقی پنجاب آبسے۔ بھوپال کی ایسی راہ بنی کہ میرے بڑے بھائی ڈاکٹر اوم کارناتھ شرما وٹری ڈاکٹر بن کر بھوپال آگئے، جو رہٹی، اچھاور اور سیہور میں تعینات رہے اس طرح سیہور اور بھوپال میرا آنا جانا ہوگیا۔ میں ایک عرصے تک محکمہ سراغ رسانی میں سراغ رساں رہا اور کئی اشتہاری مجرموں کو گرفتار کر کے' متعدد تمغے' سرٹیفکیٹ اور انعامات حاصل کئے۔ اس دوران شاعری کا سلسلہ بھی جاری رہا لیکن ملازمتی مصروفیات کے سبب اپنے اس شوق کی تکمیل کی طرف سنجیدگی سے توجہ نہیں دے سکا۔ اس عرصے میں جو کچھ کہتا رہا وہ مختلف نوٹ بکس میں لکھتا رہا۔

میں حد درجہ شکر گزار ہوں محترم عشرت قادری صاحب کا جن کی رہنمائی اور

پرخلوص رویہ نے میری حوصلہ افزائی کی اور میں اب پوری سنجیدگی کے ساتھ شاعری کے معائب اور محاسن کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہوئے اس عالمگیر اردو زبان کو اپنے محسوسات کے اظہار کا وسیلہ بنائے ہوئے ہوں۔

میری شاعری کا یہ اولین شعری مجموعہ ''کلیاں اور پھول'' جس کے چند اوراق ہماری قومی زبان ہندی میں بھی ہیں آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

ڈاکٹر منموہن شرما طالبؔ

بھوپال

رکھ کے سورج جو سر پہ چلتے ہیں
پاؤں دھرتی پہ ان کے جلتے ہیں
منزلیں ملتی ہیں عمل ہی سے
بے عمل لوگ ہاتھ ملتے ہیں

طالب (وِجیلنس انسپکٹر)۔

طالب اپنی شریک حیات اور بیٹے نریش کے ساتھ

طالب اور عشرت قادری، لال باغ بنگلور میں

ڈاکٹر بشیر بدر اور طالب

طالب۔ کرناٹک اردو اکادمی بنگلور کے کل ہند مشاعرے میں غزل سرا

غزلیں

حمدیہ

کانکر پاتھر جوڑ کے مسجد لئی بنائے
تاچڑھ مُلّا بانگ دے کیا بہر ا ہوا خدائے
(کبیرداس)

☆☆

من میں جپ تو رام کو کیوں ڈھول مجیرا بجائے
ایشور تو انتر یامی ہے کیوں اُن کا سر کھائے

رام رحیم ایشور اللہ ہیں سبھی کے بھگوان
گیتا قرآن گرنتھ بائبل ایک ہی پتھ بتائے

کویتا پاٹھ ایسا کرو جو ہر من کو سہائے
تیکھی بانی بول کے کیوں دوسروں کا من دُکھائے

ودھان شاعری کو یتا کا کچھ تو قاعدہ ہوئے
قافیہ ملے نہ پنگل کیسا چھند کہلائے

اوزان شنکھ گھڑیال بجے کارا جو بولے سو نہال
یہ ایشور کی آواز ہے جو غفلت سے جگائے

طالب وہ جو دوسروں کو اُلٹی راہ دکھائے
ارج ہے مری بھگوان سے انھیں سیدھی راہ دکھائے

☆

دل سے تمہارا پیار بھُلایا نہ جائے گا

جو داغ دے گئے ہو مٹایا نہ جائے گا

دل میں رکھوں گا اپنے نشانی یہ پیار کی

یہ زخم چارہ گر کو دکھایا نہ جائے گا

رہنے دے قید ہی میں رہائی نہ دے مجھے

صیاد اب قفس سے تو جایا نہ جائے گا

سوگند ان آنسوؤں کی جو چھلکے ہیں آنکھ میں

مٹی میں ان کو ہم سے ملایا نہ جائے گا

صحراؤں کو بناؤں گا اک روز میں چمن

گل چیں سے تو یہ باغ سجایا نہ جائے گا

دامن جھٹک کے ہاتھ سے جاتا ہے دور کیوں

تجھ بن غموں کا بوجھ اٹھایا نہ جائے گا

طالبؔ میں روشنی کا پجاری ہوں مجھ سے تو

جلتا ہوا چراغ بجھایا نہ جائے گا

☆

اے زندگی ہمیں بھی کبھی مسکرا کے دیکھ
ہم کس قدر نہال ہیں نزدیک آ کے دیکھ

آتش فشاں سے کم نہیں موسم بہار کا
راکھ ہو نہ جائیں جل کے ہوائیں چلا کے دیکھ

دل کو تھی آرزو کبھی پھولوں کی سیج کی
پتھر بچھے ہیں راہ میں نظریں اٹھا کے دیکھ

ناری انوٹھے پیار کا اپھار ہے تو سن
درپن میں اس کی موہنی صورت سجا کے دیکھ

تصویر تیری دل میں بسی ہے یقین کر
آنکھوں پہ جو پڑا ہے وہ پردہ اٹھا کے دیکھ

دیواریں رو پڑیں گی فضا ہوگی سوگوار
تنہائیوں کو اپنی کہانی سنا کے دیکھ

طالبؔ تو دور دور ہے کیوں درد سے نڈھال
پانا ہے اس کا پیار تو نزدیک جا کے دیکھ

☆

یہ کتنا خوبصورت آسماں ہے

نظر میں میری رنگوں کا جہاں ہے

مرے آنگن میں بچے کھیلتے ہیں

حسیں جنت سے بھی میرا مکاں ہے

سزا سے بچ نہیں پائے گا قاتل

مرے حق میں گواہوں کا بیاں ہے

وہ جاتے جاتے مُڑ کے دیکھتے ہیں

اُنھیں نیت پہ بھی میری گماں ہے

یہ کیسی ہے اُداسی شہر بھر میں

ہر اک انساں کے چہرے پر دھواں ہے

نظر آتا نہیں ہے دوست کوئی

جدھر دیکھو ہجومِ دُشمناں ہے

لگی ہے آگ پھولوں کے بدن میں

یہ دوزخ ہے کہ طالبؔ گُلستاں ہے

☆

ابھی سورج ترے سر پر نہیں ہے
جتن کوئی بھی بار آور نہیں ہے
ستارے لاکھ اپنی چال بدلیں
مجھے گردش سے ان کی ڈر نہیں ہے
سکھائے جو محبت کا سلیقہ
اب ایسا کوئی بھی دلبر نہیں ہے
وہ آنکھیں ہیں چھلکتے مئے کے ساغر
کوئی رندوں میں دیدہ ور نہیں ہے
ازل سے عشق کا جذبہ ہے پنہاں
مگر دل میں کسی کے گھر نہیں ہے
چراغاں کرتے ہیں چاند اور ستارے
اُجالا پھر بھی میرے گھر نہیں ہے
کسی کا بھی دُکھایا دل نہ طالبؔ
کوئی الزام میرے سر نہیں ہے

☆

تم سے ہم اور چاہتے کیا ہیں
کبھی پوچھو تو کیسے زندہ ہیں
ناؤ تم اپنی کھیتے جاؤ یوں ہی
پیار کا ہم تو بہتا دریا ہیں
جان دیتے ہیں اس جہاں پہ وہی
پیار کی جو وسیع دُنیا ہیں
مٹی سے ہی بسا ہے یہ سنسار
اسی مٹی پہ ہم بھی شیدا ہیں
ساغرِ مئے ہو اور ساتھ ہو تُم
اور اِس دل کی خواہشیں کیا ہیں
جنگلوں جنگلوں بھٹکتے ہیں
ایک بے آشیاں پرندہ ہیں
گیت کیا اور کیا غزل طالبؔ
اُس کے ہونٹوں کے بول نغمہ ہیں

☆

افسوس ہو رہا ہے تمہارے سُبھاؤ پر
ہر دم نمک چھڑکتے رہے تازہ گھاؤ پر

طوفاں میں ڈوب جائے کہ اُس پار جا لگے
کشتی تو چھوڑ دی ہے ندی کے بہاؤ پر

کیا چیز ہے یہ پیار مجھے تو پتا نہیں
میں نے تو اپنی ہستی لگا دی ہے داؤ پر

خاموش رات سردی کا موسم ہے گاؤں میں
دہقان ہاتھ تاپ رہے ہیں الاؤ پر

مذہب کے نام پر یہاں نفرت کا ہے چلن
یارو کلیجہ کٹتا ہے اس بھید بھاؤ پر

وہ کارواں جو رستے میں ہم سے بچھڑ گیا
شاید کہ پھر سے آ ملے اگلے پڑاؤ پر

ڈوبیں کہ پار اُتریں اُسے اختیار ہے
طالبؔ سوار ہم بھی ہیں جیون کی ناؤ پر

☆

لو جھوم کے پھر آگیا برسات کا موسم
دل سب ہی کا برما گیا برسات کا موسم

وہ بجلی چمکنے لگی، وہ چھا گئے بادل
نشے کی طرح چھا گیا برسات کا موسم

آنگن میں برستی ہوئی رم جھم کی یہ پھواریں
سنگیت میں نہلا گیا برسات کا موسم

پڑتی ہیں جو پھواریں تو چھنک اٹھتی ہے پایل
تنہائی کو بہلا گیا برسات کا موسم

بھیگی ہوئی چنری سے ٹپکنے لگا پانی
گوری کا دل اترا گیا برسات کا موسم

کھیتوں میں لہکنے لگی ہریالی کی خوشبو
خود مستی میں لہرا گیا برسات کا موسم

طالبؔ مری آنکھوں میں ہیں ساون کے نظارے
دل کو مرے تڑپا گیا برسات کا موسم

☆

پہلی سی تم کو ہم سے محبت، نہیں رہی
وہ پیار کی نظر وہ عنایت، نہیں رہی

پاس آئے تم تو فاصلے کچھ اور بڑھ گئے
وہ دوستی وہ لطف وہ صحبت، نہیں رہی

وہ دن بھی تھا کہ عشرتیں حاصل تھیں عشق میں
یہ دن بھی ہیں کہ کوئی مسرت، نہیں رہی

اک حلقہ آس پاس مرے دوستوں کا تھا
ملنے کی اب کسی کو بھی فرصت، نہیں رہی

اک مشغلہ تھا آگ سے جب کھیلتے تھے ہم
اب چاند اور ستاروں کی حسرت، نہیں رہی

جو دیکھتے تھے راہ مری اٹھ گئے وہ لوگ
اب ان کو یاد کرنے کی طاقت، نہیں رہی

جو دن گزر گئے وہ نہ آئیں گے لوٹ کر
طالبؔ کسی کی آنکھوں میں صورت، نہیں رہی

☆

میں جو کچھ بھی کہوں گا سچ کہوں گا

مروں گا بھی تو عزت سے مروں گا

مجھے تو بے وفا سمجھے تو سمجھے

ہمیشہ میں ترے دل میں رہوں گا

محبت پاک ہے میری یقیں کر

ترے ہی پیار میں جیون جیُوں گا

رنگی ہے خون میں مٹی وطن کی

یہ مٹی اوڑھ کر ہی سو رہوں گا

یہ مٹی جان سے پیاری ہے مجھ کو

اِسی مٹی سے ہر یگ میں ملوں گا

چُبھوئے گا جو نشتر دوست میرا

سمجھ کر پھول اسے دل میں رکھوں گا

غریبی اور امیری کیا ہے طالبؔ

میں یہ سب کچھ مٹا کر ہی رہوں گا

☆

شہر کی ریت نہ سمجھوگے تو پچھتاؤ گے
روٹھ کر گھر سے گئے بھی تو کہاں جاؤ گے

دل میں پیدا کرو حب الوطنی کا جذبہ
ورنہ دنیا میں کہیں منہ نہ دکھا پاؤ گے

رہنماؤں نے بنائے ہیں کچھ ایسے قانون
مرتے مرتے کبھی انصاف نہیں پاؤ گے

یہ زمیں اپنی کسی فرد کی جاگیر نہیں
سب کی میراث ہے کب تک اسے جُھٹلاؤ گے

کیوں ہیں ہم لوگ یہ بکھرے ہوئے تنکوں کی طرح
ہوش میں اب بھی نہ آؤ گے تو مٹ جاؤ گے

ایک دن آکے یہ جھک جائے گا خود قدموں پر
طالبؔ اِس دور کو تم جتنا بھی ٹھکراؤ گے

☆

شام کو جس وقت خالی ہاتھ گھر جاتا ہوں میں
دیکھ کر بچوں کے چہرے غم سے مر جاتا ہوں میں

ایک نازوں کی پلی معصوم سی لختِ جگر
دیکھے ہے ہرنی کی آنکھوں سے تو مر جاتا ہوں میں

بکنے کو بولی لگاؤں اور جب گاہک نہ ہو
ایسے عالم میں بہت مایوس گھر جاتا ہوں میں

کوئی شکوہ ہے خدا سے اور نہ قسمت سے گلہ
یہ الگ ہے یاسیت میں غم سے بھر جاتا ہوں میں

پھول بکھرے ہوں کہ کانٹوں کا ہو جنگل درمیاں
راہ میں کچھ دور چلتا ہوں ٹھہر جاتا ہوں میں

سوچتا ہوں چل دوں خالی ہاتھ دنیا چھوڑ کر
لیکن اک مسکان کی خاطر ہی گھر جاتا ہوں میں

ایک مدت سے یہی معمول ہے طالبؔ مرا
صبح جی اٹھتا ہوں اور ہر شام مر جاتا ہوں میں

☆

تبسّم آنسوؤں میں ڈھل گیا ہے
خوشی کا غم سے کتنا فاصلہ ہے

دو آنسو غیر کے دُکھ پر بہت ہیں
مدد انسان کی نذرِ خدا ہے

کریں تعمیر کچھ ایسے وطن کی
جو دیکھے وہ کہے یہ آئینہ ہے

ملے پیاسوں کو پانی گاؤں گاؤں
نہ ہو محسوس یہ سوکھا پڑا ہے

مٹا کر رکھ دیں سارے بھید بھاؤ
اسی میں آدمیت کا بھلا ہے

بٹھائیں پلکوں پر گرتے ہوؤں کو
نہ سوچیں کوئی چھوٹا یا بڑا ہے

سنائی دیگی دھڑکن دل کی طالبؔ
غزل میں جو بھی کچھ میں نے کہا ہے

☆

میری مٹّی مجھے بلاتی ہے
سارے یگ کی کتھا سناتی ہے
جیسے انگلی پکڑ کے بالک کی
دوسرے دھام لیکے جاتی ہے
کھیل کیا ہو رہے ہیں دنیا میں
روز قصّے نئے سناتی ہے
بہتے جھرنوں سے پانی پی پی کر
دشت کو گلستاں بناتی ہے
مٹّی ہی دیتی ہے اناج ہمیں
فصل کھیتوں میں لہلہاتی ہے
چار سو پھیل جاتی ہے خوشبو
پھولوں میں رنگ جب دکھاتی ہے
دُکھ بھرے اس جہان میں طالبؔ
پیار کے گیت بھی سناتی ہے

☆

برسات آئی کھُل گئی بوتل شراب کی
آجائے رنگ، دیکھیں جھلک جو شباب کی

زُلفوں کی ایک لٹ ترے ماتھے سے آنکھ تک
یہ مرمریں بدن کہ کلی ہو گلاب کی

حیرت نہ کیوں ہو طاری ترا حسن دیکھ کر
میری نظر میں تو ہے کِرن ماہتاب کی

آؤ نہ آؤ سامنے اب اختیار ہے
آنکھوں میں میری بس گئی صورت جناب کی

گزرا ہوا زمانہ پلٹ کے نہ آئے گا
ہم تم کبھی ملے تھے یہ باتیں ہیں خواب کی

آنکھوں میں اک سرور تھا دونوں تھے لب بہ لب
ہونٹوں سے میں نے کھینچ لی مستی شراب کی

طالبؔ بس ایک میں ہی، نہیں ہوں تباہ حال
اِس عشق نے ہزاروں کی دُنیا خراب کی

☆

حالات نے عجیب تماشے دکھائے ہیں
ہنسنے کی آرزو میں بھی آنسو بہائے ہیں
یارب مجھے سکون دے یا زیست چھین لے
جس سمت دیکھتا ہوں اُدھر غم کے سائے ہیں
سو بار آزمایا ہے تو نے بھی آسماں
دنیا کے رنج سہہ کے بھی ہم مسکرائے ہیں
ایک اور تجربا سہی تم سے بھی دوستی
اب تک تو جتنے لوگ ملے وہ پرائے ہیں
پہلے پہل کسی سے مُلاقات یاد ہے
اب تک مری نظر میں وہ منظر سمائے ہیں
فرصت ملے تو آکبھی سُن دل کی داستاں
کیا کیا نہ تیرے ہجر میں صدمے اٹھائے ہیں
طالبؔ غزل میں لکھتے ہیں اب اور مسئلے
اک دور تھا کہ ہم نے بھی نغمے سنائے ہیں

☆

آسماں پہ چلتا ہے قافلہ ستاروں کا
اور زمیں پہ مجمع ہے زندگی کے ماروں کا

کون کس سے ملتا ہے آج کے زمانے میں
اک ہجوم رہتا تھا انجمن میں یاروں کا

پیار اور مُحبت کا نام ہو گیا بدنام
اب بھرم، نہیں باقی ہم وفا شعاروں کا

ہر طرف خموشی ہے بستی ہو گئی سنسان
سلسلہ سا لگتا ہے شہر میں مزاروں کا

بیت جائے گا اک دن یہ خزاں کا موسم بھی
انتظار کرتا ہوں روز میں بہاروں کا

کشتیاں ہیں دریا میں دیکھئے تو ساحل سے
لُطف ہی نرالا ہے اِن حسیں نظاروں کا

بھولتے نہیں طالبؔ دن جو ہم گزار آئے
اک سماں ہے آنکھوں میں حُسن کے نظاروں کا

☆

ہوائیں نفرتوں کی چل رہی ہیں
محبت کی فضائیں جل رہی ہیں

خموشی شہر میں طاری ہے ہر سو
تجھے تنہائیاں اب کھل رہی ہیں

حسینوں میں نہیں چاہت کا جذبہ
جوانی کی کتھائیں جل رہی ہیں

ہنسی دیکھی نہیں ہونٹوں پہ اس کے
غموں میں ساری خوشیاں ڈھل رہی ہیں

وہی پرچھائیاں ہیں سامنے اب
کبھی آنکھوں سے جو اوجھل رہی ہیں

مزا پُروائیوں میں آ رہا ہے
ہوائیں جیسے پنکھا جھل رہی ہیں

دلوں کی دوریاں بھی اب تو طالبؔ
مرے وشواس کو بھی چھل رہی ہیں

☆

دل کے جذبات کو اِس طرح ہوا دیتا ہے

میں جلاتا ہوں دیا اور وہ بجھا دیتا ہے

ساری دنیا سے نرالا ہے مسیحا میرا

زہر دیتا ہے نہ تو مجُھ کو دوا دیتا ہے

تنگ ہو اپنا ہی دامن تو شکایت کیسی

دینے والا تو مقدر سے سوا دیتا ہے

ایک ایسا بھی ترا چاہنے والا ہے یہاں

تیرا نام آتے ہی سر اپنا جھکا دیتا ہے

میری باتوں پہ یقیں آتا نہیں دُنیا کو

عشق انسان کو آئینہ بنا دیتا ہے

سارا جگ سوتا ہے جب جاگتا رہتا ہوں میں

چھُپ کے پردے میں کوئی مجھ کو صدا دیتا ہے

برق سے ٹوٹتا ہے جو بھی شرارہ طالبؔ

ایک اک تنکا نشیمن کا جلا دیتا ہے

☆

آج آنکھوں سے ہر اک پردہ اٹھایا جائے
نیند کے ماتوں کو غفلت سے جگایا جائے

رہنما دیش کا خود کو جو سمجھتے ہیں اُنھیں
وقت یہ کہتا ہے آئینہ دکھایا جائے

دلہنوں کو جو جلا دیتے ہیں زر کی خاطر
اب چتا میں اُنھیں بھی زندہ جلایا جائے

خون مزدور جو پیتے ہیں شرابوں کی طرح
پیلا چہرہ اُنھیں آج ان کا دکھایا جائے

گونگے بہروں کی یہ بستی ہے سبھی بے حس ہیں
اپنا دکھ درد یہاں کس کو سُنایا جائے

کشتیٔ عمر کنارے کے قریب آ پہنچی
اور اب وقت نہ بیکار گنوایا جائے

اور کچھ کر نہیں سکتے تو دُعائیں مانگیں
طالبؔ انسان کو حیواں سے بچایا جائے

☆

سامنے آئے کبھی منہ کو چھپانے والا
میں اکیلا نہیں آئینہ دکھانے والا

کیسا ہے تیرا چلن چلتا ہے یہ کس کی ڈگر
تجھ کو مل جائے کوئی راہ سجھانے والا

اپنا پن چھوڑ کے رکھتا ہے جو اوروں پہ نظر
اپنے گھر کو ہے وہی آگ لگانے والا

اپنے پر ہی رہو نربھر مرا کہنا مانو
کوئی بھی ساتھ نہیں دے گا زمانے والا

جھرّیاں صاف نظر آتی ہیں آئینے میں
چھوڑ دے اب یہ چلن عمر گنوانے والا

چھیڑ ساقی سے نہ کر جیسا بھی ہے مئے خانہ
پھر نہ آئے گا کوئی بزم سجانے والا

آئینہ دل کا اگر صاف رکھو گے طالبؔ
پھر نہیں ہوگا کوئی عیب لگانے والا

☆

دُکھوں میں جب بھی جہاں میں کسی کے کام آئے
ہمیں جواب میں ہر دم لہو کے جام آئے

ہم ان کو ہار گئے ہیں سلام لکھ لکھ کر
سلام آیا اُدھر سے نہ ہی پیام آئے

حسین دن بھی اُنھیں کے ہیں اور راتیں بھی
کبھی تو میری بھی قسمت میں کوئی شام آئے

نہ جانے ختم ہوں کب انتظار کی گھڑیاں
کبھی تو اس کا محبت بھرا سلام آئے

سبھوں کو بانٹتا ہے نامہ بر کسی کے خطوط
میں چاہتا ہوں ترا خط بھی میرے نام آئے

نگاہ ڈھونڈھتی ہے بدلیوں میں وہ چہرہ
اداس اداس افق پر مہ تمام آئے

محبتوں کا طلبگار میں بھی ہوں طالبؔ
حسین ہونٹوں پہ اُس کے مرا بھی نام آئے

☆

ساحل پہ بیٹھا ہوں کبھی تو لہر آئے گی
کوئی تو موج میری غزل گنگنائے گی

وہ بات بھی کرے تو لگے پڑھ رہی ہے شعر
اور چپ رہے تو ساری فضا گنگنائے گی

اِتنی حسیں ہے وہ کسی شاعر کی ہو غزل
آئے گی جب بھی سامنے دل کو لُبھائے گی

کس سمت بہہ رہی ہے ندی تیرے عشق کی
بیٹھا ہوں منتظر کبھی مجھ تک بھی آئے گی

یہ زیست کا سفر بھی ہے کیا عشرتوں بھرا
منزل یہ عشرتوں کی مجھے مل بھی پائے گی

طالبؔ اندھیری رات کو ہے جس کا انتظار
چھٹ جائے گی یہ دُھند تو وہ صبح آئے گی

☆

نفرتوں کی چتا جلانا ہے

دوست دشمن کو بھی بنانا ہے

پی لیا زہر غم بہت ہم نے!

امرت اب زہر کو بنانا ہے

کائروں سے نہ واسطہ رکھو

ہم کو دنیا نئی بسانا ہے

آسماں بجلیاں گرائے تو کیا

دھرتی کو گلستاں بنانا ہے

چاہتیں ہیں اگر بہاروں کی

پریت پت جھڑ سے بھی نبھانا ہے

کانٹوں کو بھی گلے لگائے رکھو

پھولوں سے باغ اگر سجانا ہے

سب سے طالبؔ ملو محبت سے

گر محبت، خدا کی پانا ہے

ہر روز گزر گاہ پہ جو لوگ ملے ہیں
بات ان کی پرانی ہے مگر چہرے نئے ہیں

انسان نے طور اپنا بدل ڈالا ہے لیکن
ہم لوگ زمانے کو بدلنے میں لگے ہیں

آواز نہیں آتی ہے ہنسنے کی گھروں سے
ہر شخص کی آنکھوں میں یہ کیوں آنسو بھرے ہیں

کیوں آج یہ موسم کی فضا میں ہے اداسی
خوشبو کے ہیں جھونکے نہ کہیں پھُول کھلے ہیں

کیا ہو گیا اس دور میں نا یاب ہے انساں
ہم دیر سے بازار میں خاموش کھڑے ہیں

ان گرم ہواؤں میں تمازت ہے بلا کی
ہر شاخ پہ پھولوں کے بدن جھلسے ہوئے ہیں

جس سمت بھی جاتا ہوں تو خوف آتا ہے دل میں
سنسان ہیں گلیاں کئی گھر اجڑ پڑے ہیں

☆

جیون میں میری ماں کی دُعا میرے ساتھ ہے
بعد اس کے ایشور کی دیا میرے ساتھ ہے

تابندہ اک کرن کے لئے جاگتا ہوں میں
سر پر غموں کی کالی گھٹا میرے ساتھ ہے

سورج بھی ہمسفر ہے مرا اندھکار میں
یادوں کی ٹھنڈی تازہ ہوا میرے ساتھ ہے

بچپن تو ماں کی گود میں گزرا ہنسی خوشی
اور اب نئی رُتوں کا مزا میرے ساتھ ہے

میں زندگی سمجھتا تھا جن کو وہ کھو گئے
سانسوں میں اُن کی خوشبو سدا میرے ساتھ ہے

اب تک ہے یاد مجھ کو جوانی کا وہ نشہ
بیتے وہ دن، سُہانی فضا میرے ساتھ ہے

لیتا ہے جھوٹ کا جو سہارا وہ خوار ہے
طالبؔ میں حق پہ ہوں تو خُدا میرے ساتھ ہے

☆

کیسے نبھائیں غم سے دشواریاں بہت ہیں

قصوں کہانیوں میں دل داریاں بہت ہیں

پت جھڑ کے موسموں میں رہتی ہے اک اداسی

یوں تو نظر سے دل پر گل کاریاں بہت ہیں

ہر شخص کے لبوں پر ہے پیار کی کہانی

اس دور میں دلوں کی بیماریاں بہت ہیں

گھر سے نکل کے باہر جائیں بھی کس سے ملنے

اپنے ہی دوستوں سے بیزاریاں بہت ہیں

رشتوں میں ہے دکھاوا کوئی، نہیں کسی کا

ہمدردیاں، نہیں ہیں غم خواریاں بہت ہیں

اک عمر تجربوں میں گزری ہے اپنی اب تک

فطرت میں آدمی کی عیاریاں بہت ہیں

سچ بات پر بھی طالبؔ ہوتا نہیں بھروسہ

سچ کہنے والوں میں بھی مکاریاں بہت ہیں

☆

میری پوجا کا کچھ صلہ دینا
اک جھلک روپ کی دکھا دینا

لاکھ ٹھکرائے یہ زمانہ مجھے
تم نظر سے نہیں گرا دینا

کر دیا تیرے پیار نے پاگل
اپنے دل سے نہ تو بھلا دینا

جب سُنو میری بانسری کی دُھن
پیار کی راگنی سنا دینا

پہلے میری کہانی تو سُن لو
پھر جو چاہے مجھے سزا دینا

میرے قدموں کی آہٹیں سن کر
دیپ چوبارے میں جلا دینا

رس بھرے اِن گلابی ہونٹوں سے
پیاس طالبؔ کی بھی بجُھا دینا

☆

تمہیں اپنے دل سے جدا کر نہ پائے

یہ بات اور ہے تم وفا کر نہ پائے

مسیحائی کا ان کو دعویٰ ہے لیکن

مرے دردِ دل کی دوا کر نہ پائے

زمانہ دل آزاریوں پر تھا مائل

کسی کے لئے بددعا کر نہ پائے

ہزاروں صنم ہم نے دیکھے ہیں لوگو

یہ بت خود کو اب تک خدا کر نہ پائے

اُنھیں چھُو کے دیکھا، نہیں بھول کر بھی

محبت میں کوئی خطا کر نہ پائے

اُٹھے ہاتھ جب بھی دُعا اس سے مانگی

خُدا کے سوا التجا کر نہ پائے

جنھیں دشمنوں سے تعلق تھا طالبؔ

کبھی دوستوں کا بھلا کر نہ پائے

☆

سچائی کے ہونٹوں پہ فرشتوں کی دعا ہے
سچائی کا ہی نام زمانے میں خدا ہے

وہ نیک ہے جس بندے پہ رحمت ہے خدا کی
قرآن میں گیتا میں یہی ہم نے پڑھا ہے

گردش میں ہے رفتار ستاروں کی تو کیا غم
ہو کر ہی رہے گا وہ جو قسمت میں لکھا ہے

احساس نہیں ہوتا ہے ویرانی کا مجھ کو
پت جھڑ میں بھی گلشن مرا پھولوں سے لدا ہے

غربت کو حقارت کی نگاہوں سے نہ دیکھو
ہر شخص نہ اچھا ہے نہ دُنیا میں بُرا ہے

میں چاہتا ہوں ٹوٹ کے دل سے جسے طالبؔ
وہ اپنی نفاست میں زمانے سے جُدا ہے

☆

خود سے غم اختیار کسی نے نہیں کیا
پتھر دلوں سے پیار کسی نے نہیں کیا

وہ خود ہی دھنس کے رہ گیا دلدل میں شہر کی
اس کو تو سنگسار کسی نے نہیں کیا

سائے کی طرح ساتھ رہے ہو قدم قدم
تم جیسا مجھ کو پیار کسی نے نہیں کیا

اک بار آزما لیا احباب نے جسے
پھر اس کا اعتبار کسی نے نہیں کیا

ہر آدمی کی آنکھیں رہیں آسمان پر
اپنی زمیں سے پیار کسی نے نہیں کیا

جس طرح میں نے راتیں گذاری ہیں جاگ کر
اس طرح انتظار کسی نے نہیں کیا

طالبؔ وہ خود غرض ہے کبھی سوچنا نہیں
اپنوں میں کیوں شمار کسی نے نہیں کیا

☆

دھرتی پر آسمان باقی ہے
جگ کا وہ پاسبان باقی ہے
مر مٹا جو وطن کی چاہت میں
اس کا بس خاندان باقی ہے
بجلی جس گھونسلے پہ ٹوٹی تھی
اس پکھیرو میں جان باقی ہے
مر گیا ہے ضمیر انساں کا
ظاہری آن بان باقی ہے
ٹوٹی پتوار، اداس ہے ملاح
کشتی کا بادبان باقی ہے
آ رہی ہے گلوریوں کی مہک
وادی کا پاندان باقی ہے
غم سے گھبراؤں کس لئے طالب
سر پہ جب آسمان باقی ہے

☆

ہم جہاں تم سے ملا کرتے تھے
دیکھ کر پھول ہنسا کرتے تھے
بیٹھ کر باغ کے اک گوشے میں
خوب افسانے لکھا کرتے تھے
یاد آتے ہیں وہ بیتے ہوئے دن
چھُپ کے جب آہیں بھرا کرتے تھے
اب کہاں ہیں وہ بہاروں کے مزے
ہار پھولوں کے بِکا کرتے تھے
ولولے پیار کے دل میں تھے جواں
عشق پر ناز کیا کرتے تھے
سر پہ ماں باپ کا سایا بھی نہیں
جو مرے حق میں دُعا کرتے تھے
بھولتے ہی نہیں وہ دن طالبؔ
قدموں پر سجدے ادا کرتے تھے

☆

رنگ کیا کیا دکھائے دنیا کے

غم میں آنسو بہائے دنیا کے

پھیلا ہے چاروں اور نیل گگن

لاکھوں منظر دکھائے دنیا کے

مر کے دو گز زمیں بھی مل نہ سکی

عمر بھر ناز اٹھائے دنیا کے

آدمی بے لباس پیدا ہوا

وستر اس نے بنائے دنیا کے

جذبۂ عشق تھا جنم کی اساس

سپنے من میں بسائے دنیا کے

پیار، ممتا، سبھاؤ، ریت رواج

گھر اجاڑے، بنائے دنیا کے

زندگی میں ہیں غم بھی خوشیاں بھی

ہم ہیں طالبؔ ستائے دنیا کے

☆

مُنھ چھپانے والے نیت تیری پا سکتا ہوں میں
پاس آ تیرے ارادے بھی بتا سکتا ہوں میں

یاد کر بیتے ہوئے دن ساتھ دینے کی قسم
بھولنے والے ترا ہر غم اٹھا سکتا ہوں میں

کیسے کیسے غم اٹھائے عمر بھر صدمے سہے
دل سے آخر کس طرح تجھ کو بھُلا سکتا ہوں میں

مجھ کو حیرت ہے یقیں آتا نہیں ہے کیوں تجھے
تو کہے تو پیار کی سوگند کھا سکتا ہوں میں

گرجیں بادل آسماں پر چاہے آئیں آندھیاں
بجلیوں کو چیر کر رستا بنا سکتا ہوں میں

بے وفائی کرنا طالب پیار کی توہین ہے
تو اگر مجھُ سے خفا ہے تو منا سکتا ہوں میں

بے مروت آسماں سے شکوہ کیا طالبؔ مجھے
مل کے مٹی میں بھی اُس کا پیار پا سکتا ہوں میں

☆

وہ دیکھتا ہے تو اک نیشتر سا لگتا ہے

کرے ہے بات تو دل پر اثر سا لگتا ہے

سوال یہ ہے محبت کا فلسفہ کیا ہے

جواب تیرا بہت مختصر سا لگتا ہے

کہے تو پوچھ لوں تجھ سے ترے دلی جذبات

تجھے بُرا نہ لگے یہ بھی ڈر سا لگتا ہے

میں سوچتا ہوں کہ کیا رشتہ ہے مرا اس کا

وہ دور رہ کے بھی نزدیک تر سا لگتا ہے

وہ بال کھولے ہوئے دھوپ میں جب آجائے

اکیلا دشت میں کوئی شجر سا لگتا ہے

جو ایک جھونپڑی جنگل میں آرہی ہے نظر

کسی کا گھر ہو مجھے اپنا گھر سا لگتا ہے

عجیب لوگ ہیں سب کہتے ہیں بُرا طالب

وہ آدمی تو مجھے مُعتبر سا لگتا ہے

☆

آسماں پر چمکتے ہیں شمس و قمر
تیرے چہرے سے ہٹتی نہیں ہے نظر

میرے جذب محبت کا ہے یہ اثر
ہو کے بے تاب وہ آگئے بام پر

بادلوں سے برستے ہیں کیسے شرر
ہم نے ساونِ میں دیکھے ہیں جلتے شجر

کس کو اپنایئے اور کسے چھوڑیئے
خواہشیں ہیں بہت زندگی مختصر

پڑھتے رہتے ہیں اب تو کتابوں میں ہم
حسن ہے محترم عشق ہے معتبر

میری ماں کی دعائیں مرے ساتھ ہیں
ہر سفر میں ہے بس یہ ہی زاد سفر

اس کی یادوں سے طالب اجالا سا ہے
چاند سے بڑھ کے روشن ہے داغِ جگر

☆

میں نے اکثر تری آنکھوں میں اتر کر دیکھا
پیار کا اُڈا ہوا ان میں سمندر دیکھا

راہبر تھا مری منزل کا ہمیشہ سے تو ہی
کیا غضب آج ترے ہاتھ میں پتھر دیکھا

پیار تجھ سے کیا سینے سے لگایا میں نے
عادتوں میں تجھے دشمن سے بھی بدتر دیکھا

میری آنکھوں کو نہیں بھاتا یہ منظر یارب
جس طرف دیکھا زمینوں کو ہی بنجر دیکھا

جس طرف بھی گئے تقدیر کے مارے ہوئے لوگ
شہر در شہر المناک سا منظر دیکھا

بڑھ گیا آگے کی جانب میں لگا کر ٹھوکر
اپنے رستے میں پڑا جب کوئی پتھر دیکھا

کیا خدا داد محبت ہوئی حاصل مجھ کو
طالبؔ اس نے مری آنکھوں میں سنور کر دیکھا

☆

دکھ بہت ہم کو دوستی سے ملے
پھر بھی سب سے ہنسی خوشی سے ملے

دشمنی اپنی جاں سے کیا کرتے
غم بھی ہنس ہنس کے زندگی سے ملے

گاؤں میں جن سے تھی کبھی پہچان
وہ ملے بھی تو اجنبی سے ملے

ہم بٹھاتے تھے جن کو پلکوں پر
آج وہ کتنی بے رُخی سے ملے

دیکھ کر دل دہل گیا میرا
دوست جتنے تھے سرکشی سے ملے

سب مری طرح سوچتے ہونگے
آدمی ہو تو آدمی سے ملے

زہر جو پیتے رہتے ہیں طالبؔ
کچھ سبق ان کو میکشی سے ملے

☆

دل میں ہم پیار بسائیں کیسے
دوست دشمن کو بنائیں کیسے

ہاتھ میں جام لئے بیٹھے ہیں
خشک موسم میں پلائیں کیسے

اتنی پی لی ہے کہ بے خود ہوئے ہم
آنکھ ساقی سے مِلائیں کیسے

دل تو کرتا ہے یہیں مر جائیں
اُٹھ کے میخانے سے جائیں کیسے

غم میں کیا بیت گئی یاد نہیں
حال دل تمکو سنائیں کیسے

ہم کو آتی ہی نہیں رسم کوئی
آپ روٹھیں تو منائیں کیسے

جو ہمیں بھول گیا ہے طالبؔ
اس کو ہم دل سے بُھلائیں کیسے

☆

میری اِن آنکھوں نے کیا کیا نہ نظارے دیکھے
رنگ قُدرت کے زمانے میں نیارے دیکھے

رات کو کاہکشاں، چاند ستارے دیکھے
دن میں تپتے ہوئے افلاس کے مارے دیکھے

جن کے ہاتھوں سے ہوئی تاج محل کی تعمیر
ہم نے معمار وہ سڑکوں کے کنارے دیکھے

چیخ اُٹھی روح مری درد نے بے چین کیا
لوگ بازار میں جب ہاتھ پسارے دیکھے

وقت بدلا تو کسی کا نہ ہوا پھر کوئی
دربدر پھرتے ہوئے راج دُلارے دیکھے

کیوں دُکھی رہتا ہے تو اتنا بتا دے طالبؔ
تیری آنکھوں میں سدا اشکوں کے دھارے دیکھے

☆

تم میری نگاہوں سے کبھی دور نہ جانا

وعدہ جو محبت کا کیا ہے وہ نبھانا

تنہائی کے اس گھور اندھیرے کی سزا کیوں

اس دل میں کبھی پیار کا بھی دیپ جلانا

دل سے جیو جتنا بھی نصیبوں میں ہے جیون

کیا یاد میں بیتے دنوں کی آنسو بہانا

جو سوچتے رہتے ہو کبھی اس سے بھی کہہ دو

اچھا، نہیں ہے دل میں کوئی بات چھپانا

یاد آتی ہیں پھر شوخیاں، برمانے لگیں دل

ایسے میں چلے آؤ کہ موسم ہے سہانا

ہونٹوں پہ مرے کھیلتا ہے تیرا تبسّم

میں ہنستے ہوئے رو پڑوں یوں دل نہ دُکھانا

ہم شام و سحر سوچتے رہتے ہیں یہ طالبؔ

آساں کسی کا بھی نہیں پیار کا پانا

☆

پیار پا لینا کچھ آسان نہیں
آشنا ہے یہ وردان نہیں

غم بھی خوشیاں بھی ہیں دنیا میں مگر
عہد کوئی نہیں پیمان نہیں

آئے ہیں میکدے میں زاہد بھی
میکشوں کا کوئی ایمان نہیں

بھول جانا بھی تجھے مشکل ہے
تجھ سے ملنے کا بھی امکان نہیں

دن کہیں بیتا، کہیں رات ہوئی
دل جلوں کا کوئی استھان نہیں

تجھ سے پتھر کو میں کیونکر پوجوں
کیا سلامت مرا ایمان نہیں

اب وہ یوں ملتے ہیں مجھ سے طالبؔ
جیسے ان سے کوئی پہچان نہیں

☆

دھرتی پہ چاند کی ہوں ستاروں کے درمیاں
ہم زندگی گزاریں بہاروں کے درمیاں

مہکی ہوئی فضائیں ہوں آنے کی منتظر!
دیوار ہو خزاں نہ بہاروں کے درمیاں

ہر دم جوان ہی رہے موسم یہ پیار کا
جذبہ محبتوں کا ہو یاروں کے درمیاں

بہتر ہیں خار پھولوں سے سنتے آئے ہیں
کھلتے ہیں پھول پیار کے خاروں کے درمیاں

کتنی بھی مختصر سہی ہو عمر پیار کی!
مہکا ہوا چمن ہو بہاروں کے درمیاں

پرواں چڑھے یہ ہند ہمالہ کے سائے میں
بھاتا ہے سبزہ زار نظاروں کے درمیاں

طالبؔ ندی یہ پیار کی یونہی رواں رہے
منظر ہو وصل کا دو کناروں کے درمیاں

☆

اس کی آنکھوں میں وفا پائی ہے
دل نے چاہت کی ضیا پائی ہے

اُس کے دل میں بھی محبت ہے مری
اور آنکھوں میں رضا پائی ہے

ہجر میں اُس کے میں جلتا ہی رہا
کیسی اُلفت کی سزا پائی ہے

بس گیا آنکھوں میں وہ حسن و جمال
درد نے دل میں جگہ پائی ہے

تو نے کس پیار سے دیکھا ہے مجھے
دل نے نظروں سے جلا پائی ہے

زندگی جیسے بھی گُزرے میری
کب تری یاد بھُلا پائی ہے

مضطرب پیار میں تھا میں طالبؔ
اس کے آنے سے شفا پائی ہے

☆

خاک میں ملنا ہے مٹّی کو کفن ہونا ہے

جسم کو ایک نہ اک روز چمن ہونا ہے
دیکھ لیں ہم نے بہاریں بھی خزائیں بھی یہاں

تجھ سے رخصت ہمیں اک روز چمن ہونا ہے

دھوپ اور چھاؤں کی مانند یہاں کٹ گئی زیست

دور تجھ سے بھی ہمیں ارضِ وطن ہونا ہے

گئے جس شہر میں منظر ہی الگ دیکھے ہیں

اب ہر اک واقعہ ہونٹوں پہ سخن ہونا ہے

جب بھی سنتا ہوں کسی سے مجھے دکھ ہوتا ہے

لوگ کہتے ہیں کہ برباد چمن ہونا ہے

یہ حقیقت ہے کوئی خواب نہیں ہے لوگو

عظمت آبروئے گنگ و جمن ہونا ہے

طالبؔ اک روز مجھے یاد کرے گی دنیا

میری باتوں کا مرے بعد چلن ہونا ہے

☆

زندگی جینا بھی دشوار ہوا جاتا ہے
سانس لینا ہمیں آزار ہوا جاتا ہے
نفرتیں بانٹنے والوں کو یہ معلوم نہیں
سارا گلشن ہی شربار ہوا جاتا ہے
کتنی مشکل سے نظر آئی تھی سورج کی کرن
یہ اجالا بھی شب آثار ہوا جاتا ہے
وار خالی نہیں جاتا مرے قاتل کا کوئی
دل مرا داغوں سے گلزار ہوا جاتا ہے
نئی تعمیر کی صورت تو نظر آتی نہیں
شہر کا شہر ہی مسمار ہوا جاتا ہے
خون کھولاتے ہیں دن رات وہ تقریروں سے
گرم پھر موت کا بازار ہوا جاتا ہے
بھول بیٹھا وہ محبت کی ادائیں طالبؔ
پھول سا لہجہ بھی تلوار ہوا جاتا ہے

☆

اس اندھکار میں جب روشنی، نہیں دیکھی
کسی بھی گھر میں کہیں زندگی، نہیں دیکھی

سجی ہیں آنکھوں کے البم میں جتنی تصویریں
کسی کے ہونٹوں پہ میں نے ہنسی، نہیں دیکھی

جو شخص مجھ سے ملا ہے وہ سرکشی سے ملا
جہاں میں ایسی کہیں بے رخی، نہیں دیکھی

میں چاہتا ہوں ترے دل میں جھانک کر دیکھوں
جو تجھ میں تھی کبھی وہ بے خودی، نہیں دیکھی

نہارا جس کو بھی وہ پیڑ مجھ کو سوکھا ملا
چمن کے پھولوں میں بھی تازگی، نہیں دیکھی

ملا نہ ریت کے صحراء میں مجھ کو نخلستان
جو آج دیکھی ہے وہ تشنگی، نہیں دیکھی

وہ بدنصیب ہیں بستی کے لوگ اے طالبؔ
اداس چہرے دلوں میں خوشی، نہیں دیکھی

☆

راز دل وہ پا گیا میری نظر کو دیکھ کر
میں بھی حیرت میں ہوں ایسے دیدہ ور کو دیکھ کر

ہم تو اک گرتی ہوئی دیوار ہیں سمجھا تھا وہ
بدگمانی ہو گئی ویران گھر کو دیکھ کر

کس طرف آندھی کا رُخ ہے کس طرف طوفان ہے
مانجھی کر لیتا ہے اندازہ بھنور کو دیکھ کر

چھوڑ کر اخبار، چہرے پڑھنا اس کا کام ہے
وہ کبھی ہنستا نہیں اچھی خبر کو دیکھ کر

سامنے دشمن کے جاؤں چھُپ کے کیوں بیٹھا رہوں
جانے کیا سوچے گا وہ کندھوں پہ سر کو دیکھ کر

آدمی ہو سب ہی کے دُکھ درد میں شامل رہو
پنچھی بھی رو دیتے ہیں سوکھے شجر کو دیکھ کر

طالبؔ اپنے بھاگ پر مجھ کو ہنسی آنے لگی
پھول بھی کھلنے لگے داغِ جگر کو دیکھ کر

☆

آپ تو روز گھر جلاتے ہیں
ہم نئی بستیاں بساتے ہیں

پانی ملتا نہیں ہے دھرتی کو
پھر بھی ہم فصل اگائے جاتے ہیں

جانے کیوں میری آہ و زاری پر
دل ہی دل میں وہ مسکراتے ہیں

ہم ہیں بیزار ان کی شوخی سے
لطف دیتے نہیں ستاتے ہیں

خوب نظارے ہیں یہ قدرت کے
رات میں تارے جگمگاتے ہیں

گود کا ماں کی سنسکار ہے یہ
جنت اِس دھرتی کو بناتے ہیں

جن کو تہذیب پیاری ہے طالب
سب کو وہ چاہتیں سِکھاتے ہیں

☆

قسمت کی کوئی شکل، نہیں ہے، زباں، نہیں
کیسے کہوں یہ زندگی اک امتحاں، نہیں

نظریں تلاش کرتی ہیں تم کو ہر ایک سمت
او جھل ہو تم نگاہ سے کوئی نشاں، نہیں

جو کچھ لکھا ہوا ہے کتابوں میں پڑھ لیا
لیکن کوئی رفیق کوئی پاسباں نہیں

تدبیر سے بدلتی ہے تقدیر سچ سہی
وہ کون سی جگہ ہے جہاں آسماں، نہیں

سچ کا سہارا لیکے جہاں بات کی گئی
دل والوں نے کہا یہ کوئی داستاں، نہیں

آتی نہیں زباں پہ محبت کی بات بھی
میں کیا کروں کہ دل بھی مرا رازداں، نہیں

ہم جی رہے ہیں ایسے زمانے میں زندگی
طالبؔ محبتوں کا جہاں قدرداں، نہیں

☆

دو رنگی چال لوگوں کی بھاتی نہیں مجھے

اک بات بھی فریب کی آتی نہیں مجھے

مت پوچھ تیرے پیار میں کیا کیا نہیں سہا

بیتے دنوں کی یاد بھی آتی نہیں مجھے

شاید کہ میرے پیار سے کچھ خوش نہیں ہے وہ

کیا پیار میں کمی ہے بتاتی نہیں مجھے

چہرہ تو اس کا آئینے کی طرح صاف ہے

من میں جو بات ہے وہ بتاتی نہیں مجھے

شرماتی ہے لجاتی ہے ذوارے کی اوٹ میں

پاس آن کر گلے سے لگاتی نہیں مجھے

ہوتی نہیں دورنگی محبت کی ریت میں

دل کی کھلی کتاب دکھاتی نہیں مجھے

طالبؔ وہ دل سے چاہتی ہے جانتا ہوں میں

پر بھول کر بھی پیار جتاتی نہیں مجھے

☆

کہاں چھپ گئے اپنی صورت دکھا دو
اندھیرا ہے مکھڑے کا دیپک جلا دو

زمانہ ہوا تم کو دیکھا نہیں ہے
ذرا اپنے چہرے سے پردہ ہٹا دو

محبت کے ارمان دل میں بھرے ہیں
مری نیند میں آ کے سپنے سجا دو

محبت کا طوفان روکو نہ دل میں
نکل آئیں آنسو نہ ایسی سزا دو

لگا کر کبھی اپنے سینے سے مجھ کو
زمانے کے سب رنج اور غم مٹا دو

بہت دن سے گلشن میں دورِ خزاں ہے
چٹک جائیں کلیاں ذرا مسکرا دو

نہ جانے وہ کیوں تم سے روٹھے ہیں طالبؔ
چلو ان کو اپنی بھی حالت دکھا دو

گیت

گیت

پریت کرلو پریت مر جانا ہے
پیار کی ہے ریت ، غم کھانا ہے
زندگی کیا ہے ایک سپنا ہے
پیار بھی کیا ہے بس تڑپنا ہے
دل لگانا کانٹوں پہ چلنا ہے
جو بھاگ میں لکھا ہے وہی پانا ہے
پریت کرلو پریت مر جانا ہے

پیار کرنے والوں کی تنہائی آشیانہ ہے
انتظار بھری راتیں ہیں غم کا بچھونا ہے
کانٹوں کو پھول سمجھ کر دل میں بسانا ہے
زندگی کی چاہ میں انجانی ڈگر پہ چلنا ہے
ہوس کو چھوڑ کر پیار کی دولت پانا ہے
ساری دنیا چھوڑ کر پیار کی منزل پانا ہے
پریت کرلو پریت مر جانا ہے

دنیا کو بتائیں گے پیار کیا چیز ہے

یہ خواب سہانا ہے جسے حقیقت بنانا ہے

جان گئے پیار میں کیا ہمیں پانا ہے

انجام کیا ہے بس موت کو گلے لگانا ہے

پریت کرلو پریت مر جانا ہے

☆

رکھ کے سورج جو سر پہ چلتے ہیں

پاؤں دھرتی پہ اُن کے جلتے ہیں

منزلیں ملتی ہیں عمل ہی سے

بے عمل لوگ ہاتھ ملتے ہیں

گیت

سجنا میرا دل مت توڑنا
مجھے پیار سنگ جوڑنا
میں ڈرتی ہوں اکیلے میں
مجھے اکیلی مت چھوڑنا
آجاؤ مجھے پیار سنگ جوڑنا
سجنا میرا دل مت توڑنا

اس میں تیری بھڑاس ہے
ملنے کی تیری آس ہے
تجھے پانے کی دل میں پیاس ہے
سجنا آجاؤ مجھے پیاسی مت چھوڑنا
مجھے پیار سنگ جوڑنا
سجنا میرا دل مت توڑنا

دل میرا شیشے کا آئینہ ہے

اسی میں تجھ کو مجھے پانا ہے

آجاؤ یہ آئینہ مت توڑنا

مجھے پیار سنگ جوڑنا

سجنا میرا دل مت توڑنا

دل میں ہوئی ہے ہلچل

لیتا ہے دل نام یارا

اس میں ہے مرا اک پیارا

بجتا ہے دل میں اک تارا

آجاؤ اس تار کو نہ توڑنا

سجنا مجھے اکیلی مت چھوڑنا

مجھے پیار سنگ جوڑنا

گیت

میں نے دیکھا سپنا تو لگے بہت پیارا

آجا آجا حقیقت بن کے یارا

مہک آرہی ہے تیرے بدن کی سہانی

تو پیار کی کرشمہ حقیقت میں ڈھل جایار

میں نے دیکھا سپنا

کیوں دیکھ رہی ہو ایسے ہرنی سی لئے وحشت

مجھے بے وفا نہ سمجھ میں ہوں پاگل ہرن تیرا

تو پیار کریگی مجھے میں تیرا ہی رہوں گا

میرے دل تڑپ ہے تیری ترا انکا انھیں گوارا

میں نے دیکھا سپنا

تو ہے کتنی پیاری آنکھوں کا نور ہے تو

مصر سے آئی ہے یا لصیر کی حور ہے تو

کچھ اپنا پتا دے میں دل میں لکھ لوں سارا

یہ موسم ہے رنگیلا اس میں رنگ جائیں یارا

میں نے دیکھا سپنا

